سابق سٹی ناظم کراچی مصطفی کمال کا دورہ الحمراء ہال کا دورہ

پنجاب کنونشن کے انتظامات کا جائزہ لیا

لاہور۔۔۔17اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال اراکین رابطہ کمیٹی سیف یار خان، سلیم تاجک، اراکین قومی اسمبلی سفیان یوسف، ایس اقبال قادری، رشید گوڈیل، صوبائی وزیر برائے امورنوجوانان فیصل سبزواری، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین سابق صوبائی وزیر بلدیات محمد حسین، ارشد سبیل، عبدالخالق بلوچ، سید افتخار علی، لاہور زون کے انچارج رانا یونس، جوائنٹ انچارج مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ، لاہور ڈسٹرکٹ جوائنٹ انچارج مزمل بخاری اوردیگر کارکنان وذمہ داران کے ہمراہ الحمراء ہال مال روڈ کا دورہ کیا۔۔اس موقع پرسابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال نے تیاری میں مصرف کارکنان کی حوصلہ افزائی کی۔دورے کے موقع پر پرنٹ اورالیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کنونشن پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔جس سے پاکستان خصوصاً پنجاب میں حق پرستی کی شمع کوعروج حاصل ہوگا اور 98 فیصد متوسط طبقے کو اپنے حقوق کے لئے ایک بہتر پلیٹ فارم میسر ہوگا متحدہ قومی موومنٹ پورے پنجاب کا کنونشن لاہور مینار پاکستان پر کرنا چاہتی تھی لیکن حکومت پنجاب نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر مینار پاکستان پر جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی جس کی وجہ سے ہم نے مجبور ہوکر پنجاب میں تین کنونشن بیک وقت اورایک ہی دن کرنے کا فیصلہ کیا اور انشااللہ تعالی ان تینوں کنونشوں میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے عوام بھرپور انداز میں شرکت کریں گے۔

متحدہ قومی موومنٹ کے اقلیتی ایم پی اے اسٹیفن آصف کا گوجرانوالہ اور حافظ آباد کا دورہ

لاہور۔۔۔17اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے اقلیتی ایم پی اے اسٹیفن آصف نے گوجرانوالہ اور حافظ آباد کا دورہ کیا۔اسٹیفن آصف نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے ایکس ایگزیکٹو ممبر جناب ظفر محمود برنی اوران کے ساتھیوں سے ملاقات کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کے فکروفلسفے سے آگاہ کیا،اورانہیں 25اپریل کے لاہور کنونشن میں شرکت کی دعوت دی محمود برنی صاحب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ اوران کے دیگرساتھی قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کو ہم سب لوگ سراہتے ہیں، پھر حافظ آباد کیلئے روانہ ہوگئے وہا ں حافظ آباد کے ضلعی انچارج رانامحموداوردیگر ذمہ داروں نے ان کا شانداراستقبال کیا جہاں سے سب تحریکی ساتھی بوہڑوالی بستی کی ایک تقریب میں پہنچے جہاں اسٹیفین آصف اور ان کے ساتھیوں نے خطاب کیا جہاں 50 لوگوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متفق ہوکرایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا کارکنان کو کے فکروفلسفہ سے آگاہ کیااس تقریب میں سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆